| اردو (لازمی) | لاہور بورڈ، 2015 | انٹر پارٹ-I<br>دوسرا گروپ |
|---|---|---|
| وقت: 20 منٹ | (معروضی طرز) | کل نمبر: 20 |

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 اس دنیا کی بنیاد ہے۔

(A) اختلافِ عمل پر (B) اجتماعی عمل پر (C) ذاتی عمل پر (D) تعاونِ عمل پر

2- سرسید کھانے کے بعد کتنا دودھ پیتے تھے:

(A) آدھا پاؤ (B) پاؤ سیر (C) پاؤ پاؤ سیر (D) ایک سیر

3- فیکے کوچوان کے والد کا نام تھا:

(A) صدیقا (B) شیدا (C) حمیدا (D) جیدا

4- کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے:

(A) پیغام رسانی (B) دوستی (C) دشمنی (D) امن اور سلامتی

5- مرغ کی آواز اور جسامت میں کیا تناسب ہے:

(A) ایک اور دو کا (B) ایک اور پچاس کا (C) ایک اور سو کا (D) ایک اور دو سو کا

6- تشبیہ ہے:

(A) چاند چہرہ (B) شیر کی طرح بہادر (C) غالبؔ (D) آتشِ نمرود

7- استعارہ کا رکن ہے:

(A) وجہ جامع (B) حرفِ تشبیہ (C) مشبہ (D) غرض تشبیہ

8- طرفینِ تشبیہ کہتے ہیں:

(A) مشبہ اور وجہ شبہ کو (B) مشبہ اور غرض تشبیہ کو (C) مشبہ اور مشبہ بہ کو (D) حرف تشبیہ اور مشبہ بہ کو

9- استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے:

(A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) لغوی معنوں میں (D) اصطلاحی معنوں میں

www.SayZLearn.com

10- تلمیح کہتے ہیں:

(A) کسی ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینا (B) تاریخی واقعے کی طرف اشارہ

(C) غزل کے دوسرے شعر کو (D) غزل کے آخری شعر کو

11- مقطع کے لغوی معنی ہیں:

(A) کٹ جانے کی جگہ (B) بیٹھنے کی جگہ

(C) کھڑے ہونے کی جگہ (D) سوار ہونے کی جگہ

12- غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں کہلاتا ہے:

(A) مقطع (B) مطلع (C) قافیہ (D) ردیف

13- اشعار کے آخر میں بار بار دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں:

(A) قافیہ (B) حروف تشبیہ (C) ردیف (D) وجہ جامع

14- ''اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا..... رنج راحت فزا نہیں ہوتا'' اس شعر میں قافیہ ہے:

(A) نہیں ہوتا (B) ذرا، فزا (C) ہوتا (D) راحت فزا

15- غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص لکھتا ہے کہلاتا ہے:

(A) مقطع (B) مطلع (C) حسن مطلع (D) آخری شعر

16- فروری ختم..... مارچ آیا:

(A) ہوا (B) ہوئی (C) ہوئے (D) ہوئیں

17- نیکی..... راہ بہت کٹھن ہے۔

(A) کے (B) کی (C) کا (D) کو

18- وزیر خارجہ نے حلف.....:

(A) لی (B) لیے (C) لیا (D) لیں

19- ہری ہری گھاس..... ہے:

(A) اچھا لگتا (B) اچھے لگتے (C) اچھی لگو (D) اچھی لگتی

20- زادِ راہ ختم ہو.....:

(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) چکی

www.SayZLearn.com

| اردو (لازمی) | لاہور بورڈ، 2015 | انٹرپارٹ-I<br>دوسرا گروپ |
|---|---|---|
| وقت: 2.40 گھنٹے | (انشائیہ طرز) | کل نمبر: 80 |

## (حصہ اول)

2 (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 8,1,1

دوسرا کون ہے، جہاں تُو ہے — کون جانے تجھے، کہاں تُو ہے
لاکھ پردوں میں ہے تُو بے پردہ — سو نشانوں پہ، بے نشاں تُو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا — جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر — ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا
چارۂ دل، سوائے صبر نہیں — سو، تمہارے سوا نہیں ہوتا

## (حصہ دوم)

3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 10,3,1,1

(الف) اسلام میں دو چیزیں ہیں، کتاب اور سنت۔ کتاب سے مراد خدا کے احکام ہیں جو قرآن مجید کے ذریعے سے ہم تک پہنچے ہیں اور سنت جس کے لغوی معنی راستے کے ہیں، وہ راستہ کہ جس پر پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے احکام پر عمل کرتے ہوئے گزرے یعنی آپ کا عملی نمونہ جس کی تصاویر احادیث میں بہ صورت الفاظ درج ہیں۔ غرض یہ کہ ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیل روحانی کے لیے جو چیز ہے وہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

www.say2learn.com

(ب) ابتداء سے ان کا یہ حال رہا کہ جس کام کی لہر ان کے دل میں اٹھی اس پر روپیا صرف کرنے میں انہوں نے کبھی پس وپیش نہیں کیا۔ وہ اپنے کھانے، پہننے کے اخراجات میں تنگی کر سکتے تھے اور کرتے تھے مگر اپنے شوق کے کاموں میں انہوں نے کبھی مضائقہ نہیں کیا۔ جس کتاب کی ان کو تلاش ہوئی اگر وہ بیس گنی قیمت پر بھی ملی تو اس کو لیے بغیر نہ چھوڑا۔

-4 کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 9,1

(الف) اودرکوٹ۔ (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا۔

-5 امیر مینائی کی نظم ''حمد'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

-6 دو دوستوں کے درمیان بڑھتی ہوئی مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں یوم اقبالؒ کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

-7 ڈسپنسر کے اجراء کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ 10

-8 درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 8,2

ایک شخص رات کے اندھیرے میں پہاڑ کی چوٹی سے گرا۔ گرتے گرتے اس نے درخت کی شاخ پکڑ لی۔ وہ شاخ کو بڑی دیر تک اس خوف سے تھامے رہا کہ اگر شاخ چھوٹ گئی تو میں مر جاؤں گا۔ آخر بڑی دیر کے بعد اس نے تھک کر اور زندگی سے مایوس ہو کر شاخ چھوڑ دی مگر خوش قسمتی سے زمین قریب تھی اسے کچھ نہ ہوا۔ یونہی ایک بے بنیاد خوف اس کے دل میں بیٹھا ہوا تھا۔

www.Sayz2Learn.com